سوال

(186) قنوط امام کو بلفظ اھدنی یا اھدنا کیا پڑھنا چاہیے

جواب

السلام علیکم ورحمۃ اللہ وبرکاتہ

قنوط امام کو بلفظ اھدنی یا اھدنا کیا پڑھنا چاہیے۔ زید کہتا ہے کہ اھدنا پڑھنا دعا میں مقتدی کو بھی شامل کرلینا چاہیے۔ عمرو کہتا ہے نہیں جو الفاظ حدیث کے ہیں وہی پڑھنے چاہیں۔ اھدنا پڑھنا اپنی رائے ہے۔ امید ہے کہ جواب بدلیل اور مہربانی فرما کر واضح تحریر فرمایئں گے۔ (راقم ایک مسافر از رنگون مکان نمبر 21 گلی نمبر 25 مسجد اہل حدیث)

الجواب بعون الوہاب بشرط صحۃ السؤال

وعلیکم السلام ورحمۃ اللہ وبرکاتہ

الحمد للہ، والصلاۃ والسلام علیٰ رسول اللہ، أما بعد!

اھدنا پڑھنا چاہیے تاکہ مقتدیوں کو بھی شامل ہو جائے۔ نیز ایک حدیث میں آیا ہے کہ امام جب اپنے لئے ہی دعا مانگتا ہے تو مقتدیوں کی خیانت کرتا ہے۔

ھذا ما عندي واللہ أعلم بالصواب

[فتاویٰ ثنائیہ امرتسری]

جلد 2 ص 145

محدث فتویٰ